# 20-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ مرکز نے 26-2025ء کے بجٹ میں تلنگانہ کے لئے 1.08 لاکھ کروڑ روپے مختص کیئے۔

۲۔ریاستی وزیرعمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ سماجی کارکن راجالنگا مورتی بہیمانہ قتل میں بی آر ایس کے سابق ایم ایل اے گنڈ را وینکٹ رمنا ریڈی اور بی آر ایس کے اعلیٰ قائدین ملوث ہیں۔

۳۔۴۔پرائم منسٹر انٹرن شپ اسکیم کے تحت پھرایک باردرخواستیں وصول کی جارہی ہیں۔اس اسکیم کے پائلٹ مرحلہ کا دوسرا دورشروع ہوگیا ہے۔

۴۔ریاستی حکومت نے ریاست بھرمیں ریت کی غیرقانونی کانکنی اور منتقلی کے خلاف اپنی کارروائی سخت کردی ہے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیراور بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے آج رویندر بھارتی میں سنت سری سیوالال مہاراج کی 286 ویں یوم پیدائش تقاریب کے سلسلہ میں منعقدہ بھوگ بھنڈاری ہومم میں شرکت کی۔انہوں نے اس موقع پر سنت سیوالال مہاراج کوخراج عقیدت پیش کیا۔جنہوں نے قبائلیوں کی ترقی اوران میں بیداری پیدا کرنے کے لئے اپنی زندگی وقف کردی تھی۔انہوں نے ہندوستانی ثقافت اورروایات کے تحفظ اورغیرملکی حملوں کی جرأت مندی سے مزاحمت کرنے پر قبائلیوں کی ستائش کی۔کشن ریڈی نے کہا کہ قبائلی برادری نے قابل لحاظ خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قبائلی فطرت سے گہراتعلق رکھتے ہیں اوراس کے تحفظ کے لئے ان کا عزم پختہ ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کچھ عرصہ سے غیرملکی سازشوں کی وجہ سے بنجارہ فرقہ کونقل مقام اورتبدیلی مذہب جیسے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیوالال مہاراج نے جوراستہ دکھایا تھا وہ آج بھی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیوالال مہاراج نے تعلیم،اتحاداورراست بازی کے ذریعہ بنجاروں کو بااختیاربنانے کیلئے کوشش کی۔کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں مرکزی حکومت 2014ء سے بنجاروں اوردیگرقبائلیوں کی ترقی اوران کی بہبود کے لئے کام کررہی ہے۔

SAND MINING:

ریاستی حکومت نے ریاست بھرمیں ریت کی غیرقانونی کانکنی اور منتقلی کے خلاف اپنی کارروائی سخت کردی ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی ہدایت پرعمل کرتے ہوئے حیدرآباد پولیس نے اس مہینہ کی 14 تاریخ سے 6 دن کے لئے خصوصی کارروائی

کی،جس کے دوران غیر قانونی کانکنی اور منتقلی کو روکنے کے لئے اقدامات کئے گئے۔اس مدت کے دوران سٹی پولیس نے شہر میں ریت کی غیر قانونی کانکنی اور منتقلی سے متعلق 26 کیسس درج کئے۔ اس کارروائی کے حصہ کے طور پر حکام نے 8 موٹر گاڑیاں ضبط کیں، 57 افراد کو گرفتار کیا اور 1196 ٹن ریت ضبط کی۔ پولیس نے امن وضبط کو برقرار رکھنے کے اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔

ELECTROCUTED:

نظام آباد ضلع کے رینجل منڈل کے ساتا پور گاؤں میں برقی کا شاک لگنے سے ایک ہی خاندان کے تین افراد فوت ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ بودھن منڈل کے پے گڑاپلی گاؤں کے رہنے والے یہ افراد زرعی کام کے لئے گئے ہوئے تھے۔ پولیس نے بتایا کہ جنگلی جانوروں سے کھیت کو بچانے کے لئے لگائے گئے برقی تار کی زد میں آکر یہ تینوں فوت ہوگئے۔ پولیس نے ایک مقدمہ درج کرلیا۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

GHMC:

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن پراپرٹی ٹیکس سے متعلق زیر التوا معاملات کی یکسوئی کے لئے اپنے تمام سرکل دفاتر پر 29 مارچ تک ہر ہفتہ پراپرٹی ٹیکس پرشکارم پروگرام منعقد کرے گا۔شکایات کے ازالہ کا یہ پروگرام صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک منعقد ہوگا۔جی ایچ ایم سی نے بتایا کہ اس پروگرام کے دوران ٹیکس پر نظر ثانی کی درخواستوں، پراپرٹی ٹیکس کے تخمینہ میں تصحیح، بل کلکٹرس یا آرٹی جی ایس کے ذریعہ ادائیگیوں، بقایاجات کی آن لائن ادائیگی، عدالتی فیصلوں، آئی جی آر ایس، سیلف اسسمنٹ اور ٹیکس سے متعلق دیگر معاملات سے نمٹا جائے گا۔

BANDI SANJAY:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ مرکز نے 26-2025ء کے بجٹ میں تلنگانہ کے لئے 1.08 لاکھ کروڑ روپے مختص کئے۔حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کو گزشتہ سال کے مقابلہ 10 فیصد زائد رقم مختص کی گئی ہے۔انہوں نے کانگریس اور بی آر ایس کے ان الزامات کو مسترد کردیا کیا کہ ریاست کے لئے بجٹ میں کوئی رقم مختص نہیں کی گئی۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس 6 ضمانتوں پر عمل آوری میں اپنی ناکامیوں سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے بجٹ میں مختص رقم پر کانگریس کو کھلے عام مباحث کے لئے چیالنج کیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کے قائدین وزیر اعظم نریندر مودی کو بدنام کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔انہوں نے بجٹ میں ریاستوں کے مابین امتیازی سلوک کا الزام مسترد کردیا۔سابق چیف منسٹر چندرشیکھر راؤ کے خلاف عدالت میں مقدمہ دائر کرنے والے

سماجی کارکن راجالنگا مورتی کے قتل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بنڈی سنجے نے کہا کہ اس واقعہ کی تفصیلی تحقیقات ہونی چاہئے۔

KOMATIREDDY:

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ سماجی کارکن راجالنگا مورتی بہیمانہ قتل میں بی آر ایس کے سابق ایم ایل اے گنڈرا وینکٹ رمنا ریڈی اور بی آر ایس کے اعلیٰ قائدین ملوث ہیں کیونکہ انہوں نے کالیشورم پراجکٹ میں بی آر ایس کے مبینہ کرپشن کو بے نقاب کیا تھا۔حیدرآباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے کہا کہ حکومت اس واقعہ کی تحقیقات کررہی ہے اور خاطیوں کو گرفتار کیا جائے گا۔انہوں نے اِس واقعہ میں انصاف کو فوری یقینی بنانے کے لئے فاسٹ ٹریک عدالت کے قیام کا مطالبہ کیا۔ جئے شنکر بھوپال پلی ضلع کے بھوپال پلی ٹاؤن میں کل رات راجالنگا مورتی کو نامعلوم افراد نے قتل کردیا۔راجالنگا مورتی سابق میونسپل کونسلر سرلا کے شوہر تھے۔

SC:

تلنگانہ اسمبلی کا خصوصی سیشن یکم مارچ سے منعقد ہوگا اور یہ 5 دن جاری رہے گا۔اس سیشن کے دوران ریاستی حکومت تین اہم بل پیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔سیشن کے دوران درجہ فہرست ذاتوں کی درجہ بندی اور پسماندہ طبقات کے لئے تحفظات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے لئے اپنے وعدے کے مطابق حکومت سیاسی، تعلیمی اور روزگار کے شعبوں میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کے لئے بل پیش کرے گی۔ان بلوں کی منظوری سے قبل اسمبلی میں تفصیلی مباحث ہوں گے۔

PM-INTERNSHIP:

پرائم منسٹر انٹرن شپ اسکیم کے تحت پھر ایک بار درخواستیں وصول کی جارہی ہیں۔اس اسکیم کے پائلٹ مرحلہ کا دوسرا دور شروع ہوگیا ہے۔ پہلے دور میں 6 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔دوسرے مرحلہ میں ملک بھر کی بڑی کمپنیوں میں انٹرن شپ کے ایک لاکھ سے زائد مواقع کی پیشکش کی جارہی ہے۔کارپوریٹ امور کی مرکزی وزارت نے بتایا کہ تیل، گیس، توانائی، بینکنگ، مالیاتی خدمات، ٹراویل، ہاسپٹالٹی، آٹو موٹیو اور دیگر شعبوں کی 300 سے زائد کمپنیوں نے نوجوانوں کو انٹرن شپ کے مواقع کی پیشکش کی ہے۔دوسرے مرحلہ میں ہر درخواست گزار انٹرن شپ کے لئے تین درخواستیں پیش کرسکتا ہے۔

OWAISI - SAND:

حیدرآباد شہر میں تعمیراتی اشیاء فراہم کرنے والوں کے ایک وفد نے آج مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اور حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی سے ملاقات کی اور پولیس کی مبینہ ہراسانی اور چھاپوں کی شکایت کی۔تعمیراتی اشیاء سربراہ کرنے والوں نے الزام لگایا کہ پولیس کی ٹیمیں ریت کی غیرقانونی کانکنی اور فروخت کے بہانے ان کے کارخانوں پر چھاپے ماررہی ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ تمام دستاویزات ہونے کے باوجود پولیس ریت منتقل کرنے والی گاڑیوں کوروک کرانہیں ضبط کررہی ہیں۔اس دوران اسدالدین اویسی نے چیف سکریٹری شانتی کماری سے بات کی اوران سے درخواست کی کہ وہ حیدرآباد، رچہ کنڈہ اورسائبرآباد کے پولیس کمشنرس کوضروری ہدایات جاری کریں۔

OTT ADVISORY:

وزارت اطلاعات ونشریات نے اوٹی ٹی پلاٹ فارمس کے لئے رہنما اصول جاری کئے ہیں۔اوٹی ٹی پلاٹ فارمس سے کہا گیا ہے کہ وہ انفورمیشن ٹکنالوجی رولز 2021ء کے مطابق قواعد وضوابط کی پابندی کریں۔ وزارت نے یہ ہدایات ارکانِ پارلیمنٹ اورمختلف تنظیموں کی جانب سےنمائندگیوں کے بعد جاری کی ہیں۔انہوں نے شکایت کی تھی کہ اوٹی ٹی پلاٹ فارمس عریانیت پھیلارہے ہیں۔